نام سوچا نہ تھا کبھی اپنا
جو بھی یوں جس کسی کے جی آیا
اس نے ویسے ہی بس پکار لیا

تم نے اِک موڑ پر اچانک جب
مجھ کو گلزار کہہ کے دی آواز
اِک سیپی سے کھل گیا موتی
مجھ کو اِک معنی مل گئے جیسے

اب مرا نام خوبصورت ہے
پھر سے اس نام سے بُلاؤ تو!

www.HallaGulla.com
Virtual Home for Real People